PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

# پی سی بی نے ویمنز کرکٹ سیزن 22-2021 کا اعلان کردیا

**لاہور،24 اگست 2021ء:**

پاکستان کرکٹ بورڈ نے ویمنز کرکٹ سیزن برائے 22-2021 کا اعلان کردیا ہے۔ رواں سال ستمبر سے جولائی 2022 تک جاری رہنے والے اس سیزن میں مجموعی طور پر 33 میچز کھیلے جائیں گے۔

سیزن کا آغاز کراچی سے شروع ہوگا، جہاں شیڈول پاکستان ویمنز ون ڈے ٹورنامنٹ کا آغاز 9 ستمبر سے ہوگا۔ ٹورنامنٹ میں 14 میچز کھیلے جائیں گے۔ اس ٹورنامنٹ کے بعد انگلینڈ ویمنز کرکٹ ٹیم پہلی مرتبہ پاکستان پہنچے گی، جہاں دونوں ٹیموں کے مابین 2 ٹی ٹونٹی اور 3 ون ڈے انٹرنیشنل میچز پر مشتمل سیریز 10 سے 22 اکتوبر تک راولپنڈی میں کھیلی جائے گی۔

2021 کے اختتام پر قومی خواتین کرکٹ ٹیم کو آئی سی سی ویمنز کرکٹ ورلڈکپ کوالیفائرز میں شرکت کے لئے زمبابوے کا دورہ کرنا ہے۔ اس دوران قومی خواتین کرکٹ ٹیم کو سات میچز کھیلنے ہیں۔ جن میں چار گروپ میچز اور تین سپر سکس میچز شامل ہیں۔ اس کے بعد اے سی سی ویمنز ایشیا کپ کھیلا جائے گا، جس کی مکمل تفصیلات ابھی سامنے آنا باقی ہیں۔

فی الحال پی سی بی ایک آئی سی سی رکن سے رابطے میں ہے تاکہ وقت کی دستیابی کے باعث قومی خواتین کرکٹ ٹیم دورہ زمبابوے سے قبل ایک سیریز کھیل سکے۔

خواتین کھلاڑیوں کو زیادہ اور معیار پر مبنی کرکٹ کھیلنے کی پالیسی پر عمل کرتے ہوئے پی سی بی نے تمام ون ڈے اور ٹی 20 ڈومیسٹک ٹورنامنٹس میں ٹیموں کی تعداد کے ساتھ ساتھ میچوں کی تعداد میں بھی اضافہ کیا گیا ہے۔ میچوں کی تعداد میں اظافہ پلیئرز کو اپنی صلاحیتوں میں بہتری کے ساتھ مالی مراعات بھی فراہم کرے گی۔

پلیئر پول میں بتدریج اضافہ ہوتا جارہا ہے، پی سی بی نے آئندہ سیزن کے لیے ایک چوتھی ٹیم کو شامل کیا ہے اس سے کھلاڑیوں کو ڈومیسٹک مقابلوں میں اپنی صلاحیتوں کو ثابت کرنے کا موقع ملے گا۔

پی سی بی نے اس سال انڈر 19 ٹی 20 ٹورنامنٹ کو ڈومیسٹک کیلنڈر کا حصہ بنایا ہے۔ یہ ایونٹ کم عمری سے معیاری کھلاڑیوں کی شناخت میں مدد کرے گا اور انہیں 2023 میں شیڈول انڈر 19 ورلڈکپ کے پہلے ایڈیشن کے لیے تیار کرے گا۔

ویمنز ڈومیسٹک سیزن کے اختتام پر نیشنل ویمنز ٹی ٹونٹی کپ کھیلا جائے گا۔ ٹورنامنٹ میں کل 14 میچز کھیلے جائیں گے۔ ایونٹ اگلے سال جون-جولائی میں کھیلا جائے گا۔

اس سیزن کے دوران قومی خواتین کرکٹ آئی سی سی ویمنز چیمپین شپ کے تیسرے سائیکل کے میچز بھی کھیلے گی، جو آئی سی سی ویمنز ورلڈکپ کے بعد شروع ہوگا۔

**عروج ممتاز، ویمنز سلیکشن کمیٹی کی سربراہ:**

ویمنز سلیکشن کمیٹی کی سربراہ عروج ممتاز کا کہنا ہے ہمیں ایکشن سے بھرپور خواتین کرکٹ سیزن کا اعلان کرتے ہوئے بہت خوشی محسوس ہورہی ہے۔ آئندہ سیزن پاکستان کی خواتین کی کرکٹ کی تاریخ میں بہت اہمیت رکھتا ہے کیونکہ ہم نے اس سیزن میں نہ صرف معیار پر مبنی ڈومیسٹک کرکٹ کا منصوبہ بنایا ہے بلکہ اس دوران ہمیں انگلینڈ ویمنز کرکٹ ٹیم کی میزبانی بھی کرنی ہے۔

انہوں نے کہا کہ اس سے قبل کبھی پاکستان میں خواتین کرکٹ کا ایک مکمل اور جامع سیزن منعقد نہیں ہوا۔ سیزن میں شامل ڈومیسٹک ایونٹس اور دوطرفہ بین الاقوامی میچز دراصل خواتین کھلاڑیوں کو کھیل کے مزید مواقع فراہم کریں گے تاکہ وہ آئی سی سی ویمنز ورلڈکپ کوالیفائرز کے لیے خود کو تیار کرسکیں۔

ہم نے Skills2Shine پروگرام کے ذریعے پلیئر پول میں بتدریج ترقی، چوتھی ٹیم کا اضافہ کیا ہے میچوں کی تعداد میں اظافہ سے پلیئرز کو اپنی صلاحیتوں میں بہتری کے مواقع فراہم ہوں گے۔

کوویڈ 19 وبائی امراض کی وجہ سے، ہم گزشتہ سیزن میں صرف راولپنڈی میں ایک ٹی 20 ایونٹ کا اہتمام کرسکے تھے، لیکن اس سال ہمارا ایک روزہ اور ٹی 20 دونوں ایونٹس منعقد ہونے والے ہیں، بشمول اپنے گھریلو کیلنڈر میں انڈر 19 ٹی 20 ٹورنامنٹ کا اضافہ۔ یہ ایونٹ باصلاحیت افراد کی شناخت اور ان کی تربیت میں مدد کرے گا۔

پی سی بی ان میچز کے شیڈول، ٹیموں اور ڈومیسٹک ٹورنامنٹس کے بارے میں دیگر تفصیلات بعد میں جاری کرے گا۔

– ENDS –

Media contact:

**Media and Communications Department**
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

**ABOUT THE PCB**

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

